# ماڈیول ۱۰

## حدیث نمبر13

### ایمان اور اسلامی اخوت

ابو حمزہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ کوئی بھی انسان مکمل مؤمن تب تک نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

### حضرت انس رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف:

انس رضی اللہ عنہ، جو کہ نبی ﷺ کے خادم تھے، انہوں نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو ان کی عمر صرف دس سال تھی، اور انہوں نے نبی ﷺ کی دس سال تک خدمت کی۔

اس حدیث میں مسلمانوں کے درمیان بھائی چارے اور خیر خواہی کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔ مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے دل کو حسد، کینہ اور بغض سے پاک رکھے اور اپنے بھائی کے لیے بھی وہی چاہے جو اپنے لیے چاہتا ہے۔ جب یہ صفات ایک مسلمان میں آتی ہیں، تو اسلامی اخوت اور مسلمانوں کے درمیان محبت مضبوط ہوتی ہے۔ اس کا اثر پورے معاشرے پر ہوتا ہے، اور لوٹ مار، رشوت خوری اور بے ایمانی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس اخوت کو ایک جسم کی مثال سے بیان کیا کہ اگر جسم کے کسی ایک حصے میں درد ہو، تو پورا جسم اس درد کو محسوس کرتا ہے۔ اس لیے اگر ایک مسلمان کو تکلیف پہنچتی ہے، تو دوسرا مسلمان اس درد کو محسوس کرتا ہے۔

اس حدیث کا اصل مقصد یہ ہے کہ انسان اپنے اعمال کا جائزہ لے اور اپنے ایمان کو مکمل کرے، کیونکہ نیک اعمال سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور گناہوں سے ایمان کم ہوتا ہے۔

## حدیث نمبر 14

### مسلمان کا خون کب حلال ہے؟

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کسی بھی مسلمان کا خون حرام ہے سوائے تین صورتوں کے: شادی شدہ جو زنا کرے، جان کے بدلے جان (قصاص میں) اور جو اپنا دین چھوڑ دے اور مسلمانوں کی جماعت سے الگ ہو جائے۔"

**پہلی صورت** یہ ہے جب ایک شادی شدہ شخص زنا کرے اور اس کا ثبوت یا تو چار گواہوں کی گواہی ہو، یا زانی اس کا خود اقرار کرے، یا ایک غیر شادی شدہ عورت حاملہ ہو جائے۔ اس صورت میں اس پر رسمِ رجم یعنی سنگسار کرنا لازم ہے۔

### عمل قوم لوط اور اس کی سزا کا بیان:

اس حصے میں رسول اللہ ﷺ نے عمل قوم لوط (مرد کا مرد کے ساتھ برائی کرنا) کے حکم کو واضح کیا۔ حدیث کے مطابق، جو شخص اس عمل میں ملوث ہو، اسے قتل کی سزا دی جائے گی۔ فاعل (کرنے والا) اور مفعول (جس کے ساتھ کیا گیا) دونوں کو سزا دی جائے گی اگر یہ عمل باہمی رضامندی سے کیا گیا ہو۔ لیکن یہ سزا صرف ریاست کے ذریعے ہی نافذ ہو گی، نہ کہ افراد اپنے ہاتھوں سے۔

زنا یا عمل قوم لوط میں اگر کسی شخص کے ساتھ زبردستی کی جائے، تو اس پر کوئی حد (سزا) نافذ نہیں ہو گی، کیونکہ وہ مجبور ہے۔ لیکن اگر یہ عمل باہمی رضامندی سے ہو، تو دونوں پر شریعتی حد لازم ہو گی۔ یہ واضح کیا گیا کہ یہ عمل زنا سے کم نہیں، بلکہ ایک بڑی برائی ہے جو معاشرے کو تباہ کرتی ہے۔

**دوسری صورت** قصاص کی ہے، جہاں ایک شخص کسی کو جان بوجھ کر قتل کر رہا ہو؛ اس صورت میں قاتل کی سزا قتل ہے۔ شرط یہ ہے کہ قاتل عاقل اور بالغ ہو اور ناحق، نیت کے ساتھ قتل کرے۔ اگر قاتل مسلمان ہے اور مقتول کافر ہے تو اس مسلمان کو قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا۔ اگر کافر قاتل ہے تو اس کو مسلمان کے بدلے میں قصاصاً قتل کر دیا جائے گا۔ مقتول کے ورثا کو اختیار ہے کہ قصاص پر متفق ہو

جائیں، قصاص کو چھوڑ کر دیت پر متفق ہو جائیں یا دیت کے معاف کرنے پر متفق ہو جائیں۔ اتفاق ضروری ہے اور یہ کام صرف ریاست کے پاس حدود نافذ کرنے کا حق ہے۔

**تیسری صورت** مرتد کی ہے، جو اسلام کو چھوڑ دے اور مسلمانوں کی جماعت سے الگ ہو جائے۔ مرتد کو پہلے سمجھایا جائے گا اور توبہ کا موقع دیا جائے گا۔ اگر وہ توبہ کر لے تو سزا ختم ہو جاتی ہے، ورنہ حکومت کے ذریعے اس کا قتل کیا جاتا ہے۔

اس حدیث کا اصل پیغام یہ ہے کہ یہ سزائیں صرف اسلامی ریاست کے ذریعے ہی نافذ کی جاسکتی ہیں۔ عام لوگ اپنے ہاتھوں سے فیصلے کرنے کا اختیار نہیں رکھتے۔ قرآن اور سنت کا نظام انصاف کا تحفظ کرتا ہے اور کسی بھی شخص کو زیادتی کا شکار ہونے سے بچاتا ہے۔

## حدیث نمبر 15

### اچھی بات کہنا اور مہمان اور پڑوسی کا حق

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے۔ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اپنے پڑوسی کی عزت کرے۔ اور جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔"

اس حدیث میں ایمان کے ثمرات کو بیان کیا گیا ہے جو مسلمان کے اخلاق میں ظاہر ہوتے ہیں۔

**پہلی بات** یہ ہے کہ مسلمان کو ہمیشہ اچھی اور بھلی باتیں کرنی چاہئیں، جیسے قرآن کی تلاوت، اللہ کا ذکر اور لوگوں کے درمیان صلح صفائی کی بات کرنا۔ اگر کوئی اچھی بات نہ کہہ سکے تو بہترین راستہ یہ ہے کہ خاموشی اختیار کرے۔

**دوسری بات** یہ ہے کہ مسلمان اپنے پڑوسی کا عزت اور احترام کرے، اس کی ضرورت میں مدد کرے اور اس کو تکلیف نہ پہنچائے۔ پڑوسی چاہے مسلمان ہو یا غیر مسلم، اس کا حق ادا کرنا ضروری ہے۔

**تیسری بات** یہ ہے کہ مہمان کا عزت اور خدمت کرنا ایک مؤمن کا فرض ہے۔ مہمان کا استقبال خوشی اور حسنِ اخلاق کے ساتھ کرنا چاہیے اور اپنی استطاعت کے مطابق اس کا خیال رکھنا چاہیے۔

اس حدیث کا اصل مقصد یہ ہے کہ مسلمان اپنے اعمال کو بہترین بنائے اور اپنے عقائد کو اپنے اخلاق اور سلوک کے ذریعے ظاہر کرے۔ ایک مؤمن کی مثال ایک پھلدار درخت کی طرح ہے جو دوسروں کے لیے فائدہ کا سبب بنتا ہے، اور اس مثال پر عمل کر کے ہی مسلمان ایک بہترین معاشرے کا حصہ بن سکتا ہے۔

## Hadith Number 13

## Iman Aur Islami Akhuwwat

Abu Hamza Anas bin Malik رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya hai ke koi bhi insaan mukammal mo'min tab tak nahi ban sakta jab tak woh apne bhai ke liye wohi pasand na kare jo apne liye pasand karta hai.

## Hazrat Anas رضی اللہ عنہ ka Mukhtasur Taaruf

Anas رضی اللہ عنہ jo ke Nabi ﷺ ke khadim the, unhon ne bayan kiya ke jab Rasoolullah ﷺ Madina tashreef laaye to unki umar sirf das saal thi, aur unhon ne Nabi ﷺ ki das saal tak khidmat ki.

Is hadith mein Muslimon ke darmiyan bhai charay aur khair khuwahi ki ahmiyat ko bayan kiya gaya hai. Musalman ke liye zaroori hai ke woh apne dil ko hasad, kheenah aur bughz se paak rakhe aur apne bhai ke liye bhi wahi chahay jo apne liye chahta hai. Jab yeh sifat ek musalman mein aati hain, to Islami akhuwat aur musalmano ke darmiyan mohabbat mazboot hoti hai. Is ka asar poore ma'ashray par hota hai, aur loot maar, rishwat khori aur bemani ka khatma hota hai. Rasoolullah ﷺ ne is akhuwwat ko ek jism ki misaal se bayan kiya ke agar jism ke kisi ek hisse mein dard ho, to poora jism us dard ko mehsoos karta hai. Isliye agar ek musalman ko takleef pohanchti hai, to doosra musalman us dard ko mehsoos karta hai.

Is hadith ka asal maqsad yeh hai ke insaan apne amaal ka jaiza le aur apne iman ko mukammal kare, kyun ke nek aamaal se iman mein izafa hota hai aur gunaahon se iman kam hota hai.

## Hadith Number 14

## Musalman Ka Khoon Kab Halal Hai?

Abdullah bin Mas'ood رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya:"Kisi bhi musalman ka khoon haram hai siwaye teen surton ke:Shadi shuda jo zina kare,Jaan ke badlay jaan (qisas mein) aur Jo apna deen chor de aur musalmanon ki jamaat se alag ho jaye."

**Pehli surat:** woh hai jab ek shadi shuda shakhs zina kare aur uska saboot ya to char gawahon ki gawahi ho, ya zani uska khud iqrar kare, ya ek ghair shadi shuda aurat hamla ho jae. Is surat mein us par rasm-e-rajm yani sangsaar karna lazim hai.

## Amal-e-Qaum Lut aur Uski Saza ka Bayan

Is hissay mein Rasoolullah ﷺ ne *Amal-e-Qaum Lut* (mard ka mard ke sath burai karna) ke hukm ko wazeh kiya. Hadith ke mutabiq, jo shakhs is amal mein mulawis ho, usay qatal ki saza di jayegi.

Faa’il (karne wala) aur maf’ool (jis ke sath kiya gaya) dono ko saza di jayegi agar yeh amal baahmi razamandi se kiya gaya ho. Lekin yeh saza sirf riyasat ke zariye hi nafiz hogi, na ke afraad apne haathon se.

Zina ya Amal-e-Qaum Lut mein agar kisi shakhs ke sath zabardasti ki jaye, to us par koi had (saza) nafiz nahi hogi, kyunke woh majboor hai. Lekin agar yeh amal baahmi razamandi se ho, to dono par shari'ati had laazim hogi. Yeh wazeh kiya gaya ke yeh amal zinaa se kam nahi, balke ek bari burai hai jo maashray ko tabaah karti hai.

**Doosri surat** qisaas ki hai, jahan ek shakhs kisi ko jaan boojh kar maar daal raha ho; is surat mein qatilon ka saza qatal hai.Shart yeh hai yeh qatal karne wala aqil aur baligh ho aur nahaq,niyat kay sath qatal kare.Agar qatil musalman hai aur maqtool kafir hai to is musalman ko qisasan qatal nahi kiya jaega.Agar kafir qatil hai to usko musalman kay badle me qisasan qatal kar diye jaega.Maqtool kay wursa ko ikhtiyaar hai kay qisas par mutafiq ho jaye, qisas ko chor kar diyat par mutafiq ho jaye ya diyat ke maaf karne par mutafik ho jaye.Itifaq zaroori hai aur yeh kaam sirf riyasat kay pas hudood naafis karne ka haq hai.

**Teesri surat** murtad ki hai, jo Islam ko chor de aur musalmano ki jamaat se alag ho jaye. Murtad ko pehle samjhaya jayega aur toubah ka moqa diya jayega. Agar woh taubah kar le to saza khatam ho jati hai, warna hukoomat ke zariye uska qatal kiya jata hai.

Is hadith ka asal pegham yeh hai ke yeh sazaein sirf Islami riyasat ke zariye hi nafiz ki ja sakti hain. Aam log apne haathon se faislay karne ka ikhtiyar nahi rakhte. Quran aur Sunnat ka nizaam insaf ka tahafuz karta hai aur kisi bhi shakhs ko ziadti ka shikaar hone se bachata hai.

## Hadith Number 15

## Achi Baat Kehna Aur Mehman Aur Parosi Ka Haq

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya: "Jo Allah aur aakhri din par iman rakhta hai, usay chahiye ke bhali baat kahe ya khamosh rahe. Jo Allah aur aakhri din par iman rakhta hai, usay chahiye ke apne parosi ka izzat kare. Aur jo Allah aur aakhri din par iman rakhta hai, usay chahiye ke apne mehman ka izzat kare."

Is hadith mein iman ke samaraat ko bayan kiya gaya hai jo musalman ke akhlaaq mein zahir hote hain.

**Pehli baat** yeh hai ke musalman ko hamesha achi aur bhali baatein karni chahiye, jaise Quran ki tilawat, Allah ka zikr aur logon ke darmiyan sulah safai ki baat karna. Agar koi achi baat na keh sake to behtareen rasta yeh hai ke khamoshi ikhtiyar kare.

**Doosri baat** yeh hai ke musalman apne parosi ka izzat aur ahtiram kare, uski zarurat mein madad kare aur usko takleef na pohanchaye. Parosi chahe musalman ho ya gair musalman, uska haq ada karna zaroori hai.

**Teesri baat** yeh hai ke mehman ka izzat aur khidmat karna ek mo'min ka farz hai. Mehman ka istikbal khushi aur husn-e-akhlaq ke sath karna chahiye aur apni istitaat ke mutabiq uska khayal rakhna chahiye.

Is hadith ka asal maqsad yeh hai ke musalman apne aamal ko behtareen banaye aur apne aqaid ko apne ikhlaaq aur sulook ke zariye zahir kare. Ek mo'min ki misaal ek phaldar darakht ki tarah hai jo doosron ke liye faida ka sabab banta hai, aur is misaal par amal karke hi musalman ek behtareen ma'ashray ka hissa ban sakta hai.